# مَدَنی چینل کی بارے میں
# علماء و شخصیات کے تاثرات
## (اقتباسات)





مکتبۃ المدینہ
SC1286

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# دُرُود شریف کی فضیلت

**دو** جہاں کے سلطان، سرورِ ذیشان، محبوبِ رحمٰن عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ مغفرت نشان ہے: ''مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھنا پُلْ صِراط پر نور ہے جو روزِ جُمُعہ مجھ پر **اَسّی** بار دُرُودِ پاک پڑھے اُس کے **اَسّی سال** کے گناہ مُعاف ہو جائیں گے۔'' (اَلْجامِعُ الصَّغِیر لِلسُّیُوْطِیّ ص ۳۲۰ حدیث ۵۱۹۱ دارالکتب العلمیة بیروت)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

# مَدَنی چینل

**مَحَلّے** میں اگر مجوسی (آگ پوجنے والا) ہوٹل کھول لے تو ہر فرد کو یہ سمجھانا بہت دشوار ہوگا کہ اِس کافِر سے گوشت یا گوشت والی کوئی سی بھی غذا لیکر مت کھاؤ کہ گناہ وحرام ہے۔ اَنسب طریقہ یہ ہے کہ اس مَحَلّے میں مسلمان ہوٹل کھول لے اگر ایسا کرلیا تو اب سمجھانا آسان ہو جائے گا کہ وہاں کے بجائے یہاں سے کھاؤ۔ اِسی طرح T.V. کا مُعامَلہ ہے آج شاید ہی کوئی گھر T.V. سے خالی ہو اور ہر باشُعور

مسلمان یہ جانتا ہے کہ ہمارے معاشرے کی تباہی میں .T.V کا بہت اہم کردار ہے! مُبلِّغینِ دعوتِ اسلامی نے .T.V کی تباہ کاریوں کے خلاف اچھی خاصی مُہم چلائی لیکن کما حَقُّہٗ کامیابی نہ پائی ۔چونکہ ہزار میں سے تقریباً نوسوننانوے (999) افراد .T.V کے رسیا ہو چکے ہیں اور غالب اکثریت دنیا وآخرت کی بھلائی بُرائی کی پرواہ کئے بغیر .T.V دیکھنے میں مشغول ہے۔ .T.V بینی میں ان کی دیوانگی کی حدتک دلچسپی کی وجہ سے شیطان ان کے کردار کے ساتھ ساتھ اسلامی اقدار پر بھی یلغار کر رہا ہے ۔اسلام ہی کا لُبادہ اوڑھ کر بعض لوگ اسلام کو ماڈَرن انداز میں پیش کرنے کی مذموم سعی کر رہے ہیں، اسلام کی حقیقی روح مسلمانوں کے دلوں سے نکالی جا رہی ہے ۔اب اگر ہم مساجد وغیرہ میں .T.V کی تباہ کاریاں بیان کرتے بھی ہیں تو اوّل تو بمشکل 5 فیصد مسلمان نَماز پڑھتے ہوں گے ان میں بھی اِکّا دُکّا ہی مذہبی بیان سننے میں دلچسپی لیتا ہے، نیز اسلامی بہنوں کو کون بیان سنائے؟ اگر لٹریچر چھاپتے ہیں تو دینی مطالعہ کرنے والوں کی تعداد مایوس کُن حد تک کم ہے! ان نامُساعِد حالات میں اس بات کا شدت سے احساس ہوا کہ مسلمانوں کی اصلاح کا دائرہ کار اگر صِرف مساجِد اور اجتماعات وغیرہ کی حد تک رکھتے ہیں تو اُمّت کی

غالِب اکثریَّت تک ہمارا دردبھرا پیغام پہنچ ہی نہیں پاتا اور طاغوتی طاقتیں یکطرفہ طور پر اپنے مختلف چینلز کے ذریعے مسلمانوں کو گمراہ کرتی رہیں گی۔ اغلب گمان یہی ہے کہ مسلمانوں کے گھروں سے T.V. نکلوانا ممکن نہیں بس ایک ہی صورت نظر آئی اور وہ یہ کہ جس طرح دریا میں طُغیانی آتی ہے تو اُس کا رُخ کھیتوں وغیرہ کی طرف موڑ دیا جاتا ہے تاکہ کھیت بھی سیراب ہوں اور آبادیوں کو بھی ہلاکت سے بچایا جا سکے عین اِسی طرح T.V. ہی کے ذَرِیعے مسلمانوں کے گھروں میں داخِل ہوا جائے اور ان کو غفلت کی نیند سے بیدار کیا جائے اور انہیں گناہوں اور گمراہیوں کے سیلاب سے خبردار کیا جائے چُنانچہ جب معلوم ہوا کہ اپنا T.V. چینل کھول کر فلموں ڈِراموں ،گانوں ، باجوں ،موسیقی کی دُھنوں اور عورتوں کی نمائشوں سے بچتے ہوئے 100 فیصدی اسلامی مَوادفراہم کرنا ممکن ہے تو اَلحمدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کی **مرکزی مجلسِ شوریٰ** نے خوب جِدَّ وجَہد کر کے رَمضانُ المبارَک ۱۴۲۹ھ (2008) سے **مدنی چینل** کے ذَرِیعے گھر گھر سنّتوں کا پیغام عام پیش کرنا شروع کر دیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کے حیرت انگیز مدنی نتائج آنے لگے۔ یقیناً اس کی یہ بَرَکت تو بچّہ بھی سمجھ سکتا ہے کہ جب تک مَدَنی چینل گھر یا دفتر وغیرہ کے T.V. میں

آن رہے گا کم از کم اُس وقت تو مسلمان دوسرے گناہوں بھرے چینلز سے بچے رہیں گے۔ الحمد للہ عَزَّوَجَلَّ ہماری توقع سے زیادہ مدنی چینل کو کامیابی حاصل ہورہی ہے۔آج کل ابتدائی آزمائشی سلسلوں (پروگراموں) کی ترکیب ہے اور دنیا کے مختلف مقامات سے روزانہ ہزاروں مبارکبادیوں اور حوصلہ افزائیوں کے پیغامات موصول ہورہے ہیں۔دعوتِ اسلامی کے وسیع دائرہ کار کوبحُسن وخوبی چلانے کیلئے مختلف ملکوں اورشہروں میں مُتَعَدَّد مجالس بنائی گئی ہیں۔مِنْجُملہ **مجلسِ رابِطہ بِالْعُلَماءِ و المَشائِخ** بھی ہے جوکہ اکثر علُمائے کرام پر مُشتَمِل ہے۔اس کے مقاصد میں علماء ومشائخ اہلسنت سے روابط مضبوط کرنا بھی ہے۔اس مجلس کے ذریعے ملک بھر سے مفتیانِ عِظام وعلُمائے کرام کے مَدَنی چینل کے بارے میں تأثرات موصول ہوئے،جن کے اقتباسات حسبِ ذیل ہیں؛

# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَمائے کرام کے تأثرات

## (اقتباسات)

## (1) شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر سید مراتب علی مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(خلیفہ مجاز شیخ الاسلام خواجہ قمر الدین سیالوی (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) و شیخ الحدیث والتفسیر

جامعہ رضویہ قمر المدارس محلّہ شمس العارفین بالمقابل کنگنی والا گوجرانوالہ )

**مَدَنی چینل** کا اِجراء بہت **بہتر** ہے۔ اہلسنّت کے مسلک کی تبلیغ کے لیے اِمداد ملے گی۔ پوری دنیا میں اہلسنّت کے مسلک کا چرچا ہوگا۔ وقت کی اہم **ضرورت** ہے، **اللہ** تعالیٰ مزید دینی خدمات کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (2) شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبدالتواب صدیقی اچھروی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

( شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ، وسجادہ نشین آستانہ عالیہ مناظر اعظم رحمۃ اللہ علیہ مرکز الاولیاء لاہور )

اَلْحَمدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کا نیٹ ورک پہلے ہی بڑا وسیع تھا مگر **اللہ** کے فضل وکرم سے اب **مَدَنی چینل** نے دعوتِ اسلامی، دعوتِ سنّت کو اور زیادہ **وسیع** کر دیا ہے۔ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ الْعَزِیْز اب دعوت اسلامی کی دعوت سنت گھر گھر پہنچے گی اور سنت رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) پر عمل کرنے والوں کی تعداد میں کئی گنا اضافہ ہوگا اور اِن شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ وہ دن دور نہیں کہ پورا ملک سرسبز نظر آئے گا اور پھر یہ **خصوصی برکات** پوری دنیا میں پھیل جائیں گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (3) شارِحِ حدائقِ بخشش حضرت مولانا مفتی غلام حسن قادری مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مفتی دار العلوم حزب الاحناف دربار روڈ مرکز الاولیاء لاہور)

**دعوتِ اسلامی** کے مخلص کارکنان کی زبانی **مَدَنی چینل** کے بارے میں جب مجھے آگاہی ہوئی تو دل باغ باغ ہوگیا اور اس چینل کی کامیابی کے لیے میرے قلبِ مضطر کی اتھاہ گہرائیوں سے دعائیں نکلنے لگیں کہ حضرت امیرِ اہلسنّت (دامت برکاتہم العالیہ) نے وقت کے تقاضوں کے عین مطابق ایک بہت مفید کام کا آغاز فرمایا ہے۔

صَلُّو ا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (4) شارح سلام رضا حضرت مولانا مفتی محمد خان قادری مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(جامعہ اسلامیہ مین بلیوارڈ، ایچی سن ہاؤسنگ سوسائٹی ٹھوکر نیاز بیگ مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** کا اضافہ ملک وعوام کے لیے ایک بہترین عطیہ ہے، عوام کو اس سے خوب اِستفادہ کرنا چاہیے کیونکہ اس میں اسلام کے بہت سارے بنیادی معاملات مثلاً وضو، نماز اور دیگر عبادات کو خوب اجاگر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ عریانی وفحاشی کے دور میں اس چینل کا قیام **اللّٰہ** تعالیٰ کا خصوصی عطیہ ہے۔

صَلُّو ا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (5) حضرت مولانا ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی ازہری مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مرکزی ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس پاکستان و مہتمم جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** کے قیام پر انتہائی خوشی ہوئی، یہ ایک بہت بڑا میدان جو تبلیغی اعتبار سے خالی چلا آ رہا تھا اُس کو پُر کرنے کی عملی کوشش کی گئی ہے میرے خیال میں اگر ہم صحیح پیغام کو پہنچانے کی کوشش کریں حالاتِ حاضرہ کے تقاضوں کی روشنی میں، تو ہم کہیں بہترین نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمّد

## (6) ادیبِ شہیر حضرت مولانا محمد صدیق ہزاروی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(جامعہ ہجویریہ دربارِ عالیہ حضرت داتا گنج بخش مرکز الاولیاء لاہور)

آج کے اس پُرفتن اور لادینیت کا پرچار کرنے والے نام نہاد اسکالرز کی یلغار کے دور میں **مَدَنی چینل** (دعوتِ اسلامی) کا وُجود روشنی کا مینار ہے۔ اِن شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس چینل کے ذریعے لادینیت کا قلع قمع کرنے اور اُمّتِ مسلمہ کو گمراہی کی دلدل میں پھنسنے سے بچانے میں بہت مدد ملے گی۔ علاوہ ازیں یہ چینل

(اِن شاء اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ) مسلکِ اہلسنّت کی اشاعت وفروغ کا اہم ذریعہ ثابت ہوگا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (7) حضرت مولانا مفتی سید محمد عظمت علی شاہ صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(ریسرچ ورجسٹریشن آفیسر اوقاف سندھ کراچی، مفتی دارالعلوم احسن البرکات حیدرآباد)

دینِ اسلام کی نشرواشاعت اور اس کی ترویج کے لیے **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** ایک اہم کردار ادا کررہا ہے۔ نیز عوامِ اہلسنت کے عقائد اور اعمال کی درستگی کے لیے بھی بہترین ذریعہ قرار دیا جاسکتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (8) حضرت مولانا مفتی محمد ہدایت اللہ پسروری مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(ناظم اعلیٰ جامعہ غوثیہ ہدایت القرآن ممتاز آباد مدینۃ الاولیاء ملتان)

ہمارا یہ دور میڈیا کا دور ہے اور اِفکار ونظریات پھیلانے کا بہترین ومؤثر ذریعہ ہے بہت سے لوگوں نے اپنے مخصوص نظریات ومعتقدات پھیلانے کے لیے مختلف ناموں سے چینلز شروع کررکھے ہیں اور وہ اپنے گمراہ کن اور باطل نظریات کو شب و روز پھیلا رہے ہیں اور امتِ مسلمہ کو گمراہ کرنے کے لیے شیطانی سازشیں

کررہے ہیں ایسے حالات میں **مَدَنی چینل** اُن کا جواب دینے کا موثر ذریعہ بنے گا۔ان شاء اللّٰہُ العزیز ،اور شمعِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نورانی کرنوں سے قلوب واذہان کی دنیا کو منور ومستنیر کرنے کا فریضہ انجام دے گا اور باطل کی پھیلائی ہوئی تاریکی کو فیضانِ مدینہ کے نور سے روشن کرے گا۔اور ہم امید کرتے ہیں کہ **مَدَنی چینل** بلاامتیاز اپنے پروگراموں کو حضور پُرنور سید العالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک نظام ومقام کے لیے کام کرتا رہے گا۔اور اس دورِ جدید کی ضروریات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اپنا سفر جاری رکھے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (9) استاذ العلماء حضرت مولانا سید صادق رسول شاہ سعیدی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مہتمم ونگران شعبہ تفسیر وحدیث جامعہ فریدیہ کوٹ مٹھن ضلع راجن پور پنجاب)

یقیناً قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** کے بانی امیرِ اہلِ سنت مولانا **محمد الیاس قادری رضوی** مدظلہ اور آپ کی بنائی ہوئی مرکزی مجلس شوریٰ کا ''**مَدَنی چینل**'' کے نام سے خالصتاً مذہبی ودینی احکام ومعاملات کو گھر گھر پہنچانے کے لیے ٹی وی چینل کا آغاز کرنا، ان کی بالغ نظری و

وقت فہمی کی دلیل ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمّد

## (10) حضرت مولانا پیر مفتی محمد جمیل رضوی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خلیفہ مجاز حضور سبحانی میاں سجادہ نشین خانقاہ رضویہ بریلی شریف، صدر و مہتمم ''جامعہ بریلی شریف''، ضلع شیخوپورہ)

بِحَمْدِہٖ تَعَالٰی **دعوتِ اسلامی** کا وجود اہلسنّت و جماعت کے لیے فضلِ خداوندی ہے، امیرِ دعوتِ اسلامی پیکرِ صدق و رضا **مولانا محمد الیاس قادری** رضوی (دامت فیوضہ العالیہ) **اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْف وَ نَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَر** کے داعیِ اشرف ہیں ان کی برکت سے **دعوتِ اسلامی** کو عدیم المثال شہرت وعزت حاصل ہے، لاکھوں شمعِ رسالت کے پروانے ان کا جاوید فیض ہیں۔**مَدَنی چینل** فحاشی وعریانی کے بڑھتے ہوئے سیلاب کے لیے مربوط آہن ہے۔اہلِ سلام کو فلموں وڈراموں کے بجائے **مَدَنی چینل** کو آن رکھنا چاہیے، **مَدَنی چینل** کے اجزاء سے گمراہ لوگوں کو ہدایت ملے گی شراب نوش راہِ مستقیم پر گامزن ہوں گے، **مَدَنی چینل** اِن شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ مرکزِ ہدایت ثابت ہوگا۔ جہاں مسلمان

گانے بجانے کے گمراہ کن پرگرام دیکھتے ہیں انہیں **مَدَنی چینل** سے رہنمائی لینی چاہیے، مسلمان خواتین بے پردگی ونافرمانیوں سے **مَدَنی چینل** کے ذریعہ محفوظ رہ سکتی ہیں۔ ہر قسم کی رہنمائی **مَدَنی چینل** کے ذریعہ ہو رہی ہے، اہلِ اسلام کو باقی تمام چینل بند کروا دینے چاہئیں اور فقط **مَدَنی چینل** کو دیکھیں تاکہ ہر قسم کی برائی وگناہ سے اجتناب ہو۔ **دعوتِ اسلامی** کی تہذیب فقط جنت کے راستے کی رہنمائی ہے، ہر سُنّی عالم وخطیب وامام وحافظ وقاری ونعت خوان اور تمام سنّی رہنما بھرپور طریقہ سے **دعوتِ اسلامی** کا ساتھ دیں، دعوتِ اسلامی کی بھرپور حمایت کریں، **مَدَنی چینل** کی ترغیب دلائیں۔ **فیض اعلیٰ حضرت** کی برکات **دعوتِ اسلامی** ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (11) حضرت مولانا پیر محمد خالد حسن مجددی قادری مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(سجادہ نشین آستانیہ عالیہ مجدّیہ قادریہ ''کھوکرکی'' ومہتمم ''جامعہ فاطمۃ الزہراء'' گوجرانوالہ)

اچھا ہوا کارپردازانِ **دعوتِ اسلامی** نے اپناٹی وی مذہبی **چینل** جاری کردیا۔ اس سے شیاطین اور شیطانی قوتیں گھبرائیں گی اور حق کا بول بالا ہوگا۔

محبّتِ رسول (صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم) سینوں میں اجاگر ہوگی۔ تصحیحِ عقائد، فاسِد خیالات کی بیخ کنی ہوگی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (12) خطیبِ اہلسنّت مولانا عبدالوحید ربانی مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(مہتمم اعلیٰ دارالعلوم ربانیہ ملتان)

**مَدَنی چینل** محبتِ رسول کا درس دے رہا ہے، عالم اسلام میں عشقِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لہر پیدا کر رہا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (13) حضرت مولانا صاحبزادہ عزیز محمود الازہری مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(مہتمم جامعہ رکن الاسلام حیدرآباد باب الاسلام سندھ)

سیرتِ مصطفٰی صلی اللہ تعالی علیہ واٰلہ وسلم کی طرف دعوت دینے والی عالمی تحریک **دعوتِ اسلامی** کی طرف سے اَلحمدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ ایک **مَدَنی چینل** کا آغاز ہوگیا ہے۔ امید ہے اس **مَدَنی چینل** سے علمی وتحقیقی انداز میں اسلام کی تبلیغ واشاعت کا کام ہوگا، **اللّٰہ** ربّ العزۃ ہمارے اس خواب وتمنّا کو عملی جامہ

پہنائے اور دینِ حبیب (علی صاحبھا الصلوۃ والسلام) کوعروج وارتقاء نصیب فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (14) حضرت مولانا حافظ اللہ بخش چشتی قادِری مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد دربار قادریہ ڈیرہ غازی خان)

اَلحمدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** تو سونے پر سہاگہ کا کام کررہا ہے مولانا روم (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کا ارشاد ہے۔

آں ھلاکِ امت پیش کہ بود

زانکہ بر جندل گمان بر دند عود

(**ترجمہ**: وہ جو گزشتہ امت کی ہلاکت تھی اس کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے پتھر کو خوشبودار لکڑی سمجھ رکھا تھا۔)

گویا کہ **مَدَنی چینل** نے حق و باطل میں خط امتیاز کھینچ لیا، دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کردیا ہے اِن شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کے نتائج بہتر سے بہتر اور بہتر سے بہترین ظاہر ہوتے جائیں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (15) حضرت مولانا محمد یوسف ضیائی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب مرکزی سیرت کمیٹی مظفر آباد کشمیر)

اَلحمدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ موجودہ دور میں **مَدَنی چینل** بے حیائی و بے دینی کا توڑ ہے، اور اصلاحی بیانات مسلمین ومسلمات (ہر مسلمان مرد وعورت) کے لیے مشعلِ نور ہیں۔ اور **مَدَنی چینل** کا افتتاح یقیناً عوام اہلسنّت سمیت عالم اسلام کے لیے ہدایت کا ذریعہ بنے گا۔ میں **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کے ذمہ داروں کے لیے دعا کرتا ہوں جس طریقہ سے ایک دینی کام کا آغاز کیا ہے اسے مسلسل جاری رکھیں۔ تاکہ رحمتِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت، اہلبیت کی محبت، صحابہ کرام (علیہم الرضوان) کی محبت مرد وزن کے دلوں میں پیدا کی جائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (16) حضرت مولانا محمد اقبال چشتی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد غوثیہ اوکاڑہ)

**دعوتِ اسلامی** جس نے اہل سنت کے کام کو کم وبیش ہر شعبہ میں احسن پیرایہ میں کرنے کی مساعی جمیلہ کا عزم بالجزم کر رکھا ہے۔ جس کا منہ بولتا ثبوت **دعوتِ اسلامی** کا آج 66 سے زائد ممالک میں، 35 سے زائد مختلف شعبہ جات

میں پھیلا ہوا مستحکم نیٹ ورک ہے۔اور اب **مَدَنی چینل** کے نام سے ''شرعی تقاضوں کے تحت'' چلنے والے ٹی وی چینل کا آغاز کرکے تو **دعوتِ اسلامی** نے بہ بانگِ دُہُل یہ اعلان کردیا ہے کہ **دعوتِ اسلامی** آقائے نامدار (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے دینِ متین کے خلاف برسرِ پیکار، اغیارِ ناہنجار کے عزائم وکردار سے مکمَّل خبردار ہے اور فیشن وترقی کے نام پر چمنِ سننِ شاہِ زمن (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم) میں موسمِ خزاں لانے کے لیے استعمال ہونے والے میڈیا کے صحیح اور درست شرعی استعمال سے گلستان وگلزارِ سنّتِ شہِ ابرار (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں بہار لانے کے لیے انتہائی مَتانت سے برسرِ پیکار ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (17) حضرت مولانا مفتی ابوالظفر احمد یار مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(صدر مدرس دار العلوم اشرف المدارس اوکاڑہ)

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساسِ زِیاں جاتا رہا

اِن حالات میں امیر اہلِ سنت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری

رضوی (دامت برکاتہم العالیہ) کا **دعوتِ اسلامی** کے دیگر شعبہ جات کو احسن انداز سے ترقی کی شاہراہ پر گامزن رکھنے کے ساتھ ساتھ **مَدَنی چینل** کے کام سے ٹی وی نشریات کا آغاز کرنا لائقِ صد تحسین و آفرین عمل ہے جس پر انہیں جتنا بھی ہدیۂ تبریک پیش کیا جائے وہ کم ہے کہ انہوں نے دوراندیشی سے کام لیتے ہوئے امتِ نبوی (علی صاحبہا الصلوۃ والسلام) پر کمال مہربانی کی ہے اور ہمت بلند بخت ہیں وہ احباب جنہوں نے **مَدَنی چینل** کے قیام کو عمل میں لانے کے لیے دامے دَرَمے قدمے سُخنے حصہ لیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (18) حضرت صاحبزادہ خواجہ اظہارالحق مسعود شاہ مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(قائم مقام سجادہ نشین دربار عالیہ چشتیہ نظامیہ ملنگیہ علی پور شریف اوکاڑہ)

**اللہ** کریم بہترین جزادے امیرِ اہلسنت بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار** قادری رضوی ضیائی (دامت فیوضہم) کو۔ جنہوں نے **دعوتِ اسلامی** کو چلایا، پروان چڑھایا اور صرف 27 سال کی مختصر مدت میں دعوتِ اسلامی کو تحریک ہی نہیں، تنظیم (نظم وضبط) سے مزین وآراستہ کیا اور نتیجۃً آج اس شجرۂ

سایہ و پھلدار کی جڑیں 66 سے زائد ملکوں میں پھیل چکی، جب کہ 35 سے زائد مختلف شاخوں (شعبہ جات) سے مختلف میوے اپنے رنگوں اور ذائقوں سے امتِ مصطفوی (علی صاحبہا الصلوۃ والسلام) کو مستفید و مستفیض کررہی ہیں اور اب **مَدَنی چینل** کے نام سے خالص مذہبی و دینی نشریات کے حامل و علمبردار ٹی وی چینل کا آغاز کرنا مولانا موصوف (امیر اہلسنت) اور دعوتِ اسلامی کا واقعی منظّم **کارنامہ** ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (19) صاحبزادہ پیر سید منیر احمد شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(سجادہ نشین سلسلہ قادریہ نقشبندیہ کوٹ غلام محمد خان قصور)

**مَدَنی چینل** ہمارے لیے باعثِ برکت و جماعتِ رحمت ہے۔ **مَدَنی چینل** آنے کی وجہ سے نبیِ کریم (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلم) کے غلاموں اور عاشقوں کے دل و دماغ میں خوشی کی لہر آئی ہے۔ اِن شاء اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس چینل کی وجہ سے **اللّٰہ** جَلَّ جَلَالُہٗ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم) کی میٹھی میٹھی باتیں عوام الناس تک پہنچیں گی اور معاشرے کی اصلاح ہوگی لہذا حکومتِ پاکستان نے جہاں دیگر چینل کو اجازت و سہولت دی ہوئی ہیں وہاں سب سے زیادہ

مراعات **مَدَنی چینل** کودینی چاہئیں۔کیونکہ یہ چینل شرانگیزی سے پاک اور ملک دوست ہے۔ماشاء اللہ **دعوتِ اسلامی** آج تک کبھی بھی گھیراؤ جلاؤ، پتھراؤاور انتہاپسندی میں شریک نہیں دیکھی گئی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (20) حضرت مولانا روحیل احمد عباسی قادری شاذلی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد دربار سہیلی سرکار مظفرآباد کشمیر)

الیکٹرانک میڈیا پر **مَدَنی چینل** کا آغاز بالیقین ،غلامانِ رسول مسلمانوں اور مومنوں کے لیے ایک بہت بڑی خوش خبری ہے، اور وقت کی ایک بہت اہم ضرورت اور تقاضا بھی ہے۔کہ جہاں عوام کوٹی وی اور دیگر ذرائع سے فحش قسم کے پروگرام دکھا کر **اللّٰہ** تعالٰی سے دوری کا درس دیا جارہاہے وہاں ایسے پروگرام یقیناً اصلاح احوال کے لیے ضروری اور بہتر اہمیت کے حامل ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (21) حضرت مولانا مفتی حافظ نذیر احمد قادری مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(ضلع مفتی مظفرآباد، ریاست جموں وکشمیر)

**دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کے نام سے جس چینل کا آغاز کیا ہے مظفرآباد میں کیبل آپریٹرز یہ چینل دِکھا رہے ہیں۔ دعوتِ اسلامی کی بہت ہی اعلیٰ کاوش ہے، اس سے دعوتِ اسلامی کا پیغام گھر گھر پہنچانے میں آسانی ہوگی۔ امیر اہلسنت پیرِ طریقت رہبر شریعت حضرت علامہ **مولانا محمد الیاس عطّار** قادری (دامت برکاتہم العالیہ) اس پر خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔ آپ کے محبت بھرے خطابات لوگوں کے دلوں پر یقیناً اثر انداز ہوں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (22) حضرت مولانا قاضی عبدالوحید مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(دربار عالیہ جھاگ شریف دواریاں ضلع نیلم مظفرآباد آزاد کشمیر)

اَلحمدُ للہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کے نام سے سیٹلائٹ اور کیبل پر آغاز کر کے انقلابی قدم اٹھایا ہے جس پر دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ اور بالخصوص امیر اہلسنت حضرت علامہ **مولانا محمد الیاس عطّار** (دامت برکاتہم العالیہ) مبارک باد کے مستحق ہیں۔ مجھے امید ہے کہ **مَدَنی چینل**

بدتہذیبی اور بدعقیدگی کے طوفان کو روکنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ عالم اسلام کی اس بابرکت مدنی تحریک کے کام میں مضبوطی آئے گی۔ عشق رسول (صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم)، حُبِّ صحابہ واہلِ بیت (علیہم الرضوان) اور حُبِّ اولیاء وعلماء کی شمع سے دین اسلام کے کام میں زبردست ترقی آئے گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (23) حضرت مولانا قاری فیض بخش رضوی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(جامعہ رضویہ مصباح القرآن فیصل آباد وہاڑی چوک ملتان)

اَلْحَمدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** اہلسنّت کا مان ہے۔ دورِ حاضر کی ضرورت تھی کہ شیطان کو مات دینے کے لیے کوئی اہلِ درد بندہ میڈیا میں کوئی ایسا قدم اٹھائے جس میں دور تک کہیں گناہ کا شبہ بھی نہ ہو۔ مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ کے اسلامی بھائیوں نے جب **مَدَنی چینل** کے بارے میں آگاہ کیا، بہت خوشی ہوئی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (24) حضرت مولانا زین العابدین قادری مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مدرسہ رحمانیہ متصل تاج مسجد مین روڈ مورو باب الاسلام سندھ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں بہت خوشی محسوس ہوئی ہے کہ آج کے پُرفتن دور میں جہاں جاہلیت عروج پہ پہنچ چکی ہے۔ ہدایت کا سرچشمہ ''**مَدَنی چینل**'' جس کے ذریعے اسلام کی خدمت کو عام کیا جارہا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (25) حضرت مولانا مفتی محمد الطاف سعیدی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(صدر مدرس مصباح العلوم میلسی روڈ ضلع وہاڑی پنجاب)

اہلسنّت کی معروف تبلیغی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے **مَدَنی چینل** کے نام سے جو نشریات شروع کی ہیں بہت ہی احسن کام کیا ہے۔ دورِ حاضر جب کہ ہر طرف فحاشی وعریانی عروج پر ہے۔ اور مسلمان کو راہِ راست سے ہٹانے کے لیے بڑے بڑے ہتھکنڈے استعمال کیے جارہے ہیں۔ تو اس دور میں ''**مَدَنی چینل**'' ایک نعمت سے کم نہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (26) حضرت مولانا مفتی محمد یعقوب سعیدی مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(مہتمم جامعہ عائشہ صدیقہ بادشاہی مسجد جلہ جیم میلسی ضلع وہاڑی)

اہلسنّت کی عظیم دینی و تبلیغی غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اسلامی** نے جو **مَدَنی چینل** کا اجراء کیا ہے بہت عظیم کارنامہ ہے۔ لوگوں کو اس کے متعلق بہت معلومات ہوں گی کہ **دعوتِ اسلامی** دنیا کو دین کا مقصد بتانے کے لیے اسوۂ حسنہ کے لیے سرکار (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم) کی سنتوں کے لیے گلی گلی کوچہ کوچہ شہر شہر اور ملکوں میں کیسے محنت کر رہی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمَّد

## (27) حضرت مولانا مفتی محمد الٰہی بخش مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(مدرس مدرسہ عربیہ حنفیہ غوث الاسلام پرانی عیدگاہ جھنگ صدر)

ایک بندۂ ناچیز ہی نہیں، بلکہ ہر وہ سُنی جس کے دل میں مسلکی درد کی چنگاری موجزن تھی، چاہتا تھا کہ اپنے مسلک کو اُجاگر کرنے کا وسیلہ جلیلہ ہو، وہ اَلحمدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ آج **دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** کی شکل میں

ہمارے سامنے موجود ہے۔ اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ آپ کی اس سعیٔ جمیلہ کو قبول فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (28) حضرت مولانا مفتی محمد حمید الدین رضوی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد فریدیہ ہاؤسنگ کالونی ٹوبہ دار السلام پنجاب)

تبلیغ دین و احیاء سنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تنظیم **دعوتِ اسلامی** روز افزوں ترقی وکمال کی طرف گامزن ہے۔ **اَلْحَمْدُ للّٰہ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے زیر اہتمام **مَدَنی چینل** کا قیام ایک انتہائی خوش آئند اقدام ہے۔ اور عصری اور جدید تقاضوں کے مطابق تجدید و احیاء دین اور فروغِ عشقِ رسولِ کریم (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم) کی خاطر دعوتِ اسلامی کی یہ حسین کاوش قابلِ صد تحسین و مبارکباد کی مستحق ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (29) شیخ طریقت پیر سید محمد خالد مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ نقشبندیہ بہاولپور)

**مَدَنی چینل** دیکھا، از حد خوشی ہوئی، **اللّٰہ** ربُّ العزت سرکارِ

دو عالم (صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم) کے صدقے مزید ترقی عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (30) حضرت مولانا مفتی محمد کاشف مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مہتمم جامعہ اسلامیہ نبویہ ساجد اعوان کالونی بہاولپور)

**دعوتِ اسلامی** کی طرف سے **مَدَنی چینل** کا اِجرا ایک اہم انقلابی قدم ہے۔ اہلسنّت کی طرف سے نظریاتی سطح پر یہ پہلا چینل ہے جس کی جتنی بھی تحسین کی جائے کم ہے۔ ہم دعوتِ اسلامی کو اس زبردست کاوش پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (31) حضرت مولانا محمد فیاض احمد اویسی رضوی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مہتمم دار العلوم جامعہ اُویسیہ رضویہ، جامع سیرانی مسجد بہاولپور)

تحریری، تبلیغی،، تدریسی میدان میں **دعوتِ اسلامی** قابلِ رشک کارہائے نمایاں کررہی ہے اور موجودہ دور میں میڈیا کے کردار سے کون واقف نہیں، سچی بات ہے کہ آج کی جنگ میڈیا کے ذریعے جیتی جاسکتی ہے۔ اگرچہ فوٹو بازی پر علماء کرام

کا اختلاف برحق ہے۔مگراس کے بغیر چارہ بھی نہیں ہے۔ **مَدَنی چینل** کے آنے سے یقیناً اچھی تبدیلی آئے گی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (32) حضرت مولانا مفتی احمد بخش مہروی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب وناظم اعلیٰ جامع قادریہ اہلسنت دنیاپور ضلع لودھراں)

آج اس وقت امتِ محمدیہ (علی صاحبھا الصلوۃ والسلام) بے راہ روی پر لگ چکی ہے اور بے حیائی کا طوفان میڈیا کے ذریعے شدت سے پھیل رہا ہے، اس کے قلع قمع کے لیے اَلحمدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہماری تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر سنتوں بھری تحریک **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** بہت موثر ثابت ہوگا اس پر تحریک دعوتِ اسلامی کے امیر، امیر اہلسنّت حضرت علامہ **مولانا محمد الیاس عطّار** قادری (دامت برکاتہم العالیہ) کے اصلاحی بیانات سے بہت امت کی اصلاح ہوگی اور آنے والے وقت میں اِن شاء اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہت کامیابی ہوگی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (33) حضرت مولانا پروفیسر عون محمد سعیدی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مہتمم دارالعلوم حسنیہ نزد سبزی منڈی بہاولپور)

اَلحمدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** جتنے شعبوں میں بھی کام کررہی ہے وہاں خوب سے خوب تر کام ہورہا ہے۔ **مَدَنی چینل** کے آغاز کا فیصلہ بھی یقیناً انتہائی غور وفکر کے بعد کیا گیا اور اس کے نتائج وثمرات بھی فوری طور پر آنے شروع ہوگئے ہیں۔ اس سے جو فوائد سامنے آرہے ہیں وہ حسبِ ذیل ہیں:

(۱)...... باطل کے کشمکش کے اس دور میں اہلسنّت کا پیغام گھر گھر میں پہنچ رہا ہے۔

(۲)...... بین الاقوامی سطح پر موثر اور دل نشین انداز میں ہمارا پیغام وہاں تک پہنچ رہا ہے جہاں اس ذریعے کے بغیر رسائی بے حد مشکل ہے۔

(۳)...... پاکستان میں ایک چینل بھی ایسا نہ تھا جس میں غیر محرم عورتوں کو اچھلتے کودتے نہ دکھایا جاتا ہو۔ یہ واحد چینل ہے جو اس خامی سے مبرا ہے۔ اس لحاظ سے **یہ ایک آئیڈیل اسلامک چینل ہے۔**

(۴)...... یہ پہلا چینل ہے جو خالصتاً اہلسنّت کے پیغام کو لے کر اٹھا ہے اس میں باطل کی ہلکی سی آمیزش بھی نہیں ہے۔

(۵)......اس چینل سے اہلسنّت کو ایک تربیت یافتہ ٹیم بھی مل جائے گی جو تیز رفتاری سے اس میدان میں اپنا لوہا منوائے گی۔

بہر حال ہم اس چینل کے شروع کرنے پر **دعوتِ اسلامی** کے تمام مرکزی ذمہ داران کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (34) حضرت مولانا محمد قمر الدین شاہ بخاری سعیدی مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(قطب پور سادات دنیا پور لودھراں)

موجودہ حالات میں **دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** کا آغاز بگڑے ہوئے معاشرے کی اصلاح اور بے حیائی، فحاشی، عریانی اور ظلماتی فضا میں اصلاح کے لیے روشن آفتاب کی مانند ہے۔ اس چینل سے اِن شاء اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ بہت ہی عمدہ نتائج برآمد ہوں گے، اور آنے والے وقت میں اِن شاء اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دیگر تمام چینلوں پر بھاری ثابت ہوگا۔ لوگ میڈیا کی طرف بھاگتے ہیں موجودہ حالات میں اس کی اشد ضرورت تھی جو کہ **دعوتِ اسلامی** کے **مَدَنی چینل**

نے پوری کردی ہم دعا گو ہیں کہ اللّٰہ تعالیٰ بھرپور کامیابی عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمَّد

## (35) حضرت مولانا ابرار احمد مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مدرس جامعہ نعیمیہ وخطیب جامع مسجد غوثیہ ہجرت کالونی باب المدینہ کراچی)

**مَدَنی چینل** کے آغاز سے دیگر شعبہ جاتِ **دعوتِ اسلامی** کی طرح اِن شاء اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ خداوندقدوس مسلمانوں میں مذہبی وعقیدی انقلاب لائے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمَّد

## (36) حضرت مولانا ملک شوکت علی چشتی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد نورانی بلاک 12 گلزار طیبہ سرگودھا)

میڈیا کے اِس دور میں خالصتاً اسلامی چینل کی کمی محسوس کرنے والے اہلِ محبت اوراہلِ درد کی اس خواہش اور ضرورت کو **مَدَنی چینل** نے بطریق اَحسن پورا کردیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمَّد

## (37) حضرت مولانا مفتی محمد شفیق مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مہتمم ومدرس مدرسہ علوم المرتضٰی میانی شریف تحصیل بھلوال ضلع گلزار طیبہ سرگودھا)

**مَدَنی چینل** اسلامی دعوت کو عام کرنے کا بہترین ذریعہ ہے، خاص کر مغربی ممالک کو اسلام سے متعارف کرنے کا واحد حل ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (38) خطیب اہلسنّت حضرت مولانا محمد اسلم رضوی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد شہداء گلزار طیبہ سرگودھا شہر)

اہلسنت کے پیغام کے فروغ کے لیے میڈیا کا استعمال بہت ضروری ہے۔ **مَدَنی چینل** کا آغاز کسی خوشخبری سے کم نہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (39) حضرت مولانا محمد عبداللہ سعید ہاشمی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مہتمم ومنتظم اعلی، جامعہ معینیہ قادریہ بلاک 10 گلزار طیبہ سرگودھا)

کچھ عرصہ سے دیگر ٹی وی چینلز کے ساتھ ساتھ **مَدَنی چینل** کا

اجراء ہوا۔کئی مرتبہ دیکھنے کا اتفاق ہوا، دِل کو اَز حَد تسکین اور رُوح کو فرحت ملی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (40) حضرت مولانا ابوحمّاد محمد حنیف امجدی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد کنزالایمان باب المدینہ کراچی)

دستور ہے کہ لاٹھی کا مقابلہ لاٹھی سے اور بندوق کا مقابلہ بندوق سے ہوتا ہے، میں دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ **دعوتِ اسلامی** نے گناہوں بھرے پروگرام دکھانے والے ٹی وی چینلز کا مقابلہ'' **مَدَنی چینل** '' سے شروع کیا ہے۔

**☆ اُن علمائے کرام کے اسمائے گرامی جنہوں نے ان آخری تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے:**

## (41) حضرت مولانا حافظ غلام حیدر خادمی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(جامعہ دارالعلوم نعمانیہ رضویہ شہاب پورہ سیالکوٹ)

## (42) حضرت مولانا محمد سعادت علی قادری اشرفی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(شیخ الحدیث وناظم اعلی دارالعلوم جامعہ حنفیہ قصور)

## (43) استاذ العلماء حضرت مولانا محمد یعقوب قادری صاحب مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(مہتمم دارالعلوم جامعہ غوثیہ رضویہ شیخوپورہ)

## (44) حضرت مولانا حافظ قاری محمد سلیم قادری صاحب مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(مہتمم دارالعلوم قادریہ رضویہ پرانا شہر شیخوپورہ)

## (45) حضرت صاحبزادہ غلام معین الدین نظامی مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت قبلہ عالم خواجہ نور محمد مہاروی چشتیاں شریف ضلع بہاولنگر)

ماشاء اللہ عَزَّوَجَلَّ، **دعوتِ اسلامی** جو اہلِ سنت و جماعت کی مکمل غیر سیاسی تحریک ہے، نے پچھلے تقریباً 27 سالوں میں دنیا بھر کے 60 سے زائد ملکوں میں 35 سے زائد مختلف شعبہ جات میں انتہائی جاں سوزی سے پُرخلوص کام کے ذریعے علماء ومشائخ اہلِ سنت کَثَّرَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی اور مسلمانانِ عالم کے دلوں میں خوب خوب خوشیاں داخل کی ہیں۔ اور اب **مَدَنی چینل** کا آغاز تو دعوتِ اسلامی کا ایسا اقدام ہے جو ''ضرورتِ وقت'' ہے۔ **اللہ** تعالیٰ جناب امیر اہل سنت حضرت **مولانا محمد الیاس عطّار** قادِری رضوی مدظلہ کو دین اسلام کی ترویج واشاعت کے لیے مزید مساعیٔ جمیلہ کرنے کی توفیق دے اور جن احباب نے اِس چینل کے لیے

جیسی کوشش کی مولیٰ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت سے نوازے اور بالخصوص حکومتی ادارے جنہوں نے اِس چینل کی عارضی منظوری دی ہے اِنہیں اس نیکی کی اچھی جزا دے اور انہیں اس چینل کو مستقل طور پر جاری کرنے کی توفیق دے۔ اٰمین بجاہ سیِّدالمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمَّد

## (46) حضرت مولانا محمد منور نورانی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(ناظم تعلیمات ادارہ مصباح القرآن ساہیوال)

دورِ حاضر میں جب کہ میڈیا ذہن سازی اور کردار کی اچھی یا بری اَنگیخت (ترغیب) میں سب سے کارگر ہتھیار ثابت ہو چکا ہے۔ الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا ذہن وفکر کے دریچے وَا کر رہا ہے۔ ضروری ہے کہ نسلِ نو کو اس کے اثراتِ بد اور افکارِ فاسد سے پاک رکھنے کی مخلصانہ تگ ودَو کی جائے۔ بے شمار اخلاق باختہ اور ایمان سوز چینلز کی موجودگی میں پاکیزگی وطہارتِ فکر، اصلاحِ عقائد واعمال کے مقصد جلیلہ کے حصول کے لیے **مَدَنی چینل** کا اجرا انتہائی قابل قدر اورلق و

دق صحرا میں نوخیز گلاب کی مانند ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !     صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (47) حضرت مولانا نیاز احمد فیضی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد جیلانی چشتیاں ضلع بہاولنگر)

احقر العباد نے جب **مَدَنی چینل** کے اجراء کی خبر سنی تو انتہائی دلی مسرت ہوئی۔ دیگر چینلز کے ذریعے زمانۂ جاہلیت سے بڑھ کر اخلاق کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں اور نسل نو کو میڈیا کے ذریعے اخلاقِ بد اور افکارِ فاسدہ میں جکڑا جا رہا ہے۔ انتہائی ضرورت تھی کہ ایک ایسا چینل ہو جس پر اُمتِ مسلمہ کی اخلاقی، اصلاحی، فکری تربیت کی جائے اور صحیح معنوں میں آقائے کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیغام پہنچایا جا سکے۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْن **دعوتِ اسلامی** کے امیر، امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا پیر طریقت **محمد الیاس عطّار قادری** مدظلہ اور آپ کے تربیت یافتہ نوجوانوں نے اس عظیم ضرورت کو پورا کر دیا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !     صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (48) حضرت مولانا مفتی انتخاب احمد نورانی چشتی مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(چیئرمین ادارہ صراط القرآن مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت وجماعت کی عظیم تبلیغی تحریک **دعوتِ اسلامی** کا یہ مشن (**مَدَنی چینل**) اچھا ہےاوروقت کی ضرورت ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (49) حضرت مولانا ابوالرضا محمد عبدالعزیز نوری مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مہتمم مرکزی دارالعلوم غوثیہ حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ)

**اللّٰہ** تعالٰی جَلَّ جَلَالُہ اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فخر اہلسنّت، امیرِ اہلسنّت پیر طریقت حضرت **علامہ محمد الیاس** صاحب قادری مدظلہ العالی کو ایسا حکیم الامت بنایا ہے کہ آپ نے اوّل سے احباب کی نبضوں پر جو ہاتھ مبارک رکھا ہے اور رکھ رہے ہیں وہ قابلِ رشک ہے۔ **مَدَنی چینل** کے کیا کہنے!

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (50) حضرت مولانا مفتی محمد عارف سعیدی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مہتمم جامعہ انوارِ مصطفٰے جامع مسجد آدم شاہ نزد ریلوے گراونڈ انوارِ مصطفٰے روڈ سکھر)

**مَدَنی چینل** آج کے میڈیا کے طوفانی سیلاب میں بارانِ رحمت کا ایک خوشگوار اضافہ ثابت ہوگا۔ ان شاء اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔ آج کے دور کی ضرورت کا احساس کر کے **دعوتِ اسلامی** کی مجلس شوریٰ کا فیصلہ بہت ہی خوش آئند ہے، بَلِّغُوا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً (حدیثِ پاک) کا بہترین ذریعہ ثابت ہوگا۔ کروڑوں خواتین اور گھریلو بچے **فیضانِ سنت** سے مستفیض ہوسکیں گے۔ جو کے دروس مساجد اور مدارس کے ذریعے اتنا وسیع پیمانہ پر ممکن نہیں تھا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمّد

## (51) حضرت مولانا عبدالواحد مجیدی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد باب الحرمین سیکٹر 14/L اورنگی ٹاؤن باب المدینہ کراچی)

مَیں نے آپ کا **مَدَنی چینل** دیکھا مَیں ایک دفعہ اپنی بڑی بہن کے گھر گیا تو میری بہن کا پورا گھر **مَدَنی چینل** دیکھ رہا تھا۔ اور اس وقت **مَدَنی چینل** پر شیخِ طریقت وشیخِ شریعت (حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دام ظلہ) وضو کا طریقہ بتا رہے تھے۔ اَلحمدُ للّٰہ عَزَّوَجَلَّ میری بہن کے پورے گھر والوں نے پورا وضو کا طریقہ سیکھا۔ مجھے بڑی حیرت ہوئی کہ میرا یہ گھرانہ

بڑے شوق سے **مَدَنی چینل** دیکھ رہا ہے۔ حیرت کی وجہ یہ ہے کہ وہ گھرانہ پورا فیشن ایبل ہے۔ جنہوں نے کبھی نماز ہی نہ پڑھی سوائے عیدین کے اور جمعہ کے۔ اب اس گھر والوں کے ذہن میں بھی **مَدَنی چینل** آچکا تھا۔ **مَدَنی چینل** دیکھنے کی برکت سے پورا گھرانہ مدنی ماحول سے وابستہ ہوگیا۔ **مَدَنی چینل** کی کیا بات ہے! یہ بگڑے ہوئے لوگوں کی اصلاح کا سبب بن رہا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (52) حضرت مولانا قاری محمد احمد فیضی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد ابوحنیفہ تکیہ حاجی شاہ غازی آباد مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** مسلک حق اہلسنت کا اشاعتی چینل ہے جس کی آمد سے ہم بہت خوش ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (53) حضرت مولانا قاضی غلام مرتضٰے صدیقی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد بابری تاج پورہ سکیم غازی آباد مرکز الاولیاء لاہور)

اَلحمدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مجھے **مَدَنی چینل** پر دین متین کی تبلیغ کا انداز

بہت اچھا لگا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (54) حضرت مولانا مفتی محمد انعام الرحمٰن نوری صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد غوثیہ مسلم آباد مرکز الاولیاء لاہور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ نہ صرف **مَدَنی چینل** بلکہ **بانیٔ دعوتِ اسلامی** ہمارے لیے سائبان کی حیثیت رکھتے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (55) حضرت مولانا قاری شہباز احمد نقشبندی مجددی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد فاروقیہ لیز پورہ غازی آباد مرکز الاولیاء لاہور)

ہم **دعوتِ اسلامی** کے مشکور ہیں جنہوں نے مسلکِ **اعلیٰ حضرت** علیہ الرحمۃ کے فروغ کے لیے **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (56) حضرت مولانا قاری محمد حیات قادری صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد جمالِ مصطفٰے تاج پورہ سکیم غازی آباد مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** دیکھ کر بہت اچھا لگا خاص طور پر "کمسن مبلغ" پروگرام قابل ستائش ہے۔

صَلُّو ا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (57) حضرت مولانا شیر علی نوری صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد قادریہ حسین پورہ غازی آباد مرکز الاولیاء لاہور)

ہمیں **مَدَنی چینل** سے بہت سی توقعات وابستہ ہیں۔

صَلُّو ا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (58) حضرت مولانا پیر محمد صدیق نقشبندی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد نقشبندیہ مجددیہ نظام آباد غازی آباد مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** کا آغاز وقت کی اہم ضرورت ہے۔

صَلُّو ا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (59) حضرت مولانا قاری دوست محمد اعوان صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد حنفیہ رضویہ تاج پورہ روڈ مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** پر امیرِ اہلسنّت کو دیکھ کر حیرانگی ہوئی لیکن پتہ چلنے پر

خوشی بھی ہوئی کہ یہ **دعوتِ اسلامی** کا اپنا چینل ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (60) حضرت مولانا قاری طارق محمود نقشبندی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد نقشبندیہ غازی آباد مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** بہت اچھا چینل ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (61) حضرت مولانا حافظ عامر رضا رضوی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد نورِ الٰہی تکیہ مندرہ والا غازی آباد مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** کے آنے سے سب سے بڑی خوشی یہ ہوئی کہ یہ سنیّت کے فروغ کا بڑا ذریعہ ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (62) حضرت مولانا حافظ ناصر محمود علوی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب جامع مسجد عثمانیہ عثمان نگر غازی آباد مرکز الاولیاء لاہور)

**مَدَنی چینل** صحیح معنوں میں اسلام کی تبلیغ کررہا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (63) حضرت مولانا الطاف الرحمٰن چشتی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مہتمم دارالعلوم رحمانیہ، چشتیہ، صدر گوریرہ (ٹھٹھہ مسریرہ) ضلع اوکاڑہ)

غیر سیاسی مذہبی تبلیغی مشن لے کر چلنے والی **دعوتِ اسلامی** کا یہ عمل انتہائی خوش آئند ہے کہ **مَدَنی چینل** کے ذریعے کروڑوں لوگوں کو اسلام کی تعلیمات سے استفادہ حاصل ہوگا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (64) حضرت مولانا پیر سید احمد کمال شاہ صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(زیب سجادہ نشین آستانہ عالیہ قادریہ ہارون آباد بہاولپور)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ اہلِ سنت پر جو خالقِ اکبر جَلَّ جَلَالُہ نے کرم فرمایا، ان کرم نوازیوں اور انعامات میں سے ایک کرم **دعوتِ اسلامی** کا قیام ہے اور دعوتِ اسلامی جو ایک عالمگیر کام کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے، اس کی مقبولیت اور لوگوں کا متوجہ ہونا اس بات کی غمازی کررہا ہے کہ سرکار ابد قرار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی خصوصی

نگاہِ کرم سے نواز رہے ہیں۔ **امیرِ اہلسنّت پاسبان مسلک رضا** رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذات ہمارے لیے ایک خصوصی نعمت اور خصوصی نوازش ہے۔(اور یہ) **اللّٰہ** پاک اور سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے ایک عطیہ سے کم نہیں ہے۔ **اللّٰہ** پاک بطفیلِ نبی دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ (دامت برکاتہم العالیہ) کو عمر خضر عطا فرمائے۔ اس کے ساتھ **مَدَنی چینل** کا اجراء ایک بہت بڑی کاوش ہے، خاص کر ایک ایسا چینل جو کہ خالصتاً دینی ہو۔ اس کا جاری رہنا اہلِ حق پر ایک بہت بڑا احسان عظیم ہے۔ میں ان احباب کو اربابِ اقتدار کو اور دیگر احبابِ گرامی جن کا تعلق **مَدَنی چینل** کے اجراء کے سلسلہ میں جس کی مساعی شامل ہے ان کو خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں، اور ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمَّد

## (65) حضرت مولانا پیر مفتی محمد مظہر فرید شاہ صاحب مُدَّظِلُّهُ الْعَالِی

(نائب مہتمم جامعہ فریدیہ ساہیوال)

**مَدَنی چینل** کا اجراء عالمگیر تبلیغی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' کا حسین اقدام ہے۔ فَلِلّٰہِ الْحَمد مسلمانوں کی غیر سیاسی عالمی تبلیغی واصلاحی

جماعت ''دعوتِ اسلامی'' نے اصلاحِ امت کے لیے اپنے اسباب میں ٹی وی کو بھی شامل کر کے اپنے اسلحہ کو جدید اور موثر بنانے کا فیصلہ کرلیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (66) حضرت مولانا ناصر جاوید سیالوی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مدرس جامعۃ الحراء والاسلامیہ میر پور آزاد کشمیر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کی اسلام کے لیے بے شمار خدمات کا اعتراف تو ہر ذی شعور سنی مسلمان کر رہا ہے۔ اور یقیناً لائقِ تعریف ہیں لیکن **مَدَنی چینل** کے ذریعے کروڑوں اربوں انسانوں کی اصلاح کا بیڑا اٹھانا اپنی نوعیت کا منفرد اور جدید قابلِ تعریف عمل ہے۔ جس کے ذریعے سے بیک وقت کھربوں انسانوں کے عقیدہ وعمل کی اصلاح کی جاسکتی ہے۔ اور انہیں اسلام کی حقیقی تعلیمات سے روشناس کرایا جاسکتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (67) حضرت پیر غلام رسول ثانی تو گیروی چشتی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ توگیرے شریف ضلع بھاولنگر)

ذاتِ خداوندی عَزَّوَجَلَّ نے ہر دور میں اپنے منتخب ومحبوب بندوں سے اپنے دین متین کی ترویج واشاعت کا عظیم الشان کام لیا۔ دورِ حاضر (جو کہ بلاشبہ پرفتن دور ہے) میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے اپنے حبیب لبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبوب امت کو بے راہ روی سے بچانے، اِسے راہِ سنت دکھانے اوراس پر چلانے کا عظیم منصب وفریضہ، ہمارے زمانے کی مشہور ومعروف اور ہر دلعزیز دینی و مذہبی، غیرسیاسی شخصیت، کشتۂ عشقِ رسالت علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام محافظِ دین وملت، مُبلِّغ قرآن وسنت، محسنِ اہلسنّت، فیاض ملت حضرت امیر اہلسنّت بانئ دعوتِ اسلامی **حضرت مولانا محمد الیاس عطّار ضیائی رضوی قادری** مدظلہ کو فقط اپنے فضل اور محض اپنے کرم سے عطا فرمایا۔ بلاشبہ ''ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ'' آپ مدظلہ کی تحریر وتقریر سے بِحَمۡدِہٖ تَعَالٰی لاتعداد نوجوان، بچے اور بچیاں گمراہی سے تائب ہوکر پابندِ سنت بن گئے ہیں۔ اِنۡ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اب **مَدَنی چینل** کی آمد سے بھی یہ سلسلۂ رُشد وہدایت مزید پلے بڑھے گا اور میڈیا کے ذریعے پھیلنے والی گمراہی کی روک تھام میں مُمِدّ ومعاون ثابت ہوگا۔ مَیں **مَدَنی**

**چینل** کے آغاز پر قبلہ امیر اہلسنّت مدظلہ اور آپ کے ساتھیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (86) خطیبِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد اسلم خان نقشبندی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(خطیب مرکزی جامع مسجد میر پور آزاد کشمیر)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ (عَزَّوَجَلَّ) **مَدَنی چینل** کا آغاز میڈیا کے ایسے دور میں **اللہ** تبارک وتعالیٰ کا اہلِ اسلام کے لیے ایک عظیم تحفہ سے کم نہیں ہے۔ **اللہ** ربُّ العزت امیر اہل سنت **حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری** حَفِظَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کو خدمتِ دین کی عمر دراز عطا فرمائے بہت قلیل وقت میں **مَدَنی چینل** کو جو پذیرائی ملی یقیناً یہ تائیدِ ایزدی اور نبی اکرم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں کے احیاء کا فیضان ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (69) حضرت مولانا شیخ الحدیث مفتی سید صفدر علی قادری صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(بانی ومہتمم دار العلوم 141 شاہ جمال کالونی اچھرہ لاہور)

**مَدَنی چینل** دیکھا، اس دَور میں فحش وعریانی اور مخرب اخلاق لٹریچر کی فروانی نے پاکیزگیٔ اخلاق اور روحانی اقدار کو سخت مجروح کرر کھا ہے۔اس دور میں **مَدَنی چینل** پر اسلامی اور دینی امور کو پیش کیا جارہا ہے۔جس سے عوام اہلسنّت و جماعت، اسلامی پروگراموں سے استفادہ کرسکیں گے۔مدنی ٹی وی پر عقائد وعبادات، اخلاق، معاملات اور معاشرت سے متعلق مسائل کو بڑی تحقیق کے بعد پیش کیا جارہا ہے۔ میری دعا ہے ہم سب اسلامی تعلیمات کو عملی طور پر اپنائیں اور ایمان کی نعمت سے مالا مال ہوں۔اور امید ہے اس پروگرام سے دینی مدارس کے طلباء اور علماء، کالج اور اسکولوں کے طلباء عام مسلمان اور مستورات اسلامی احکامات ومسائل سے مستفید ہوں گے۔اور اس سلسلہ کو جاری کرنے پر پیر طریقت **مولانا محمد الیاس قادری ضیائی** (مدظلہ العالی) کو ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (71) حضرت مولانا پروفیسر عثمان غنی گوندل صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مُدَرِّس دارالعلوم محمدیہ غوثیہ گلزار طیبہ سرگودھا)

**دعوتِ اسلامی** نے اہلِ سنّت میں موجود بہت سارے خَلاؤں کو پُر کیا، اِن میں سے ایک بڑا خَلاء جس کو پورا کرنے کی ضرورت تھی اسے **مَدَنی چینل**

کی صورت میں پورا کرنے کی سعادت بھی **دعوتِ اسلامی** کے حق میں آئی۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (72) حضرت مولانا قاری غلام فرید فریدی صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مہتمم دارالعلوم حنفیہ ناظمیہ فریدیہ مرکزی جامع مسجد گلشن مدینہ شاہ خاور ٹاؤن ڈیفنس روڈ مرکز الاولیاء لاہور کینٹ)

**مَدَنی چینل** کے ذریعے دنیا میں اسلامی انقلاب برپا ہوگا۔ حضرت امیر اہلسنت (دامت برکاتہم العالیہ) کی بابرکت شخصیت ہمارے لیے عظیم سرمایہ ہے **مَدَنی چینل** پر آپ کی زیارت سے ہمارا ایمان تازہ ہوجاتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (73) حضرت مولانا محمد وزیر القادری صاحب مُدَّظِلُّہُ الْعَالِی

(مہتمم اعلیٰ جامعہ غوثیہ سلطانیہ شاہی چوک ڈھاڈر، سبی بلوچستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ (عَزَّوَجَلَّ) **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ **مَدَنی چینل** مسلمانوں کے لئے بہت بڑی نعمت ہے۔ **مَدَنی چینل** کو جتنا وسیع کیا جائے مسلک اہلسنّت کا اتنا ہی فائدہ ہے۔ **مَدَنی چینل** اہلسنّت کے لئے ایک تحفہ ہے۔ ہم **دعوتِ اسلامی** کے مشکور ہیں کہ وہ **مَدَنی**

**چینل** کھول کر اہلسنت و جماعت پر بڑا احسان کیا ہے۔ امید ہے کہ اس **مَدنی چینل** کے آنے سے لوگ سرکار صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم کی غلامی میں آئیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ **مَدنی چینل** کا پیغام گھر گھر پہنچے گا۔ لوگوں کو اس سے بڑا فائدہ پہنچے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## کرسچین کا قبولِ اسلام

مرکز الاولیاء (لاہور) کے ایک اسلامی بھائی کا بیان کچھ یوں ہے کہ ہمارے علاقے میں ایک ورکشاپ تھی، اُس میں ایک .T.V بھی رکھا ہوا تھا جس پر کاریگر مختلف چینلز دیکھا کرتے تھے۔ رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ / 2008ء میں جب دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** شروع ہوا تو انہیں کچھ ایسا بھایا کہ دیگر تمام چینلز کے بجائے اب وہ مَدَنی چینل دیکھنے لگے۔ ان کاریگروں میں ایک کرسچین نوجوان بھی شامل تھا وہ بھی **مَدَنی چینل** کے پُرسوز سلسلوں (پروگرامز) میں دلچسپی لینے لگا۔ اَلحمدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ صرف تین دن کے بعد وہ کہنے لگا کہ میں امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی سادگی سے بہت مُتأَثِّر ہوا ہوں اور کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوگیا۔

کفر کے ایواں میں مولیٰ ڈالدے یہ زلزلہ
یاالٰہی! تا ابد جاری رہے یہ سلسلہ

# مَدَنی ماحول سے وابَستہ ہوجایئے!

**خربوزے** کو دیکھ کرخربوزہ رنگ پکڑتا ہے، تِل کوگلاب کے پھول میں رکھ دوتو اُس کی صُحبت میں رَہ کرگلابی ہوجاتا ہے۔ اِسی طرح تبلیغِ قراٰن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول سے وابَستہ ہوکر عاشِقانِ رسول کی صُحبت میں رہنے والا بے وَقعت پتّھر بھی **اللّٰہ** عَزَّ وَجَلَّ اوراس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی مہربانی سے **انمول ہیرا** بن جاتا، خوب جگمگاتا اورایسی شان سے پیکِ اَجَل کو **لَبَّیْک** کہتا ہے کہ دیکھنے سننے والا اس پر رَشک کرتا اور جینے کے بجائے ایسی موت کی آرزو کرنے لگتا ہے۔ آپ بھی تبلیغِ قراٰن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دعوتِ اِسلامی** کے مَدَنی ماحول سے وابستہ ہوجایئے۔ اپنے شہر میں ہونے والے **دعوتِ اِسلامی** کے ہفتہ وار **سنتوں بھرے اجتماع** میں شرکت اور **راہِ خدا** عَزَّوَجَلَّ میں سفر کرنے والے عاشقانِ رسول کے **مَدَنی قافلوں** میں سفر کیجئے اور شیخِ طریقت **امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ **مَدَنی انعامات** پر عمل کیجئے، ان شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کو دونوں جہاں کی ڈھیروں بھلائیاں نصیب ہونگی۔

مقبول جہاں بھر میں ہو دعوتِ اسلامی
صدقہ تجھے اے ربِّ غفّار مدینے کا



اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ



اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مَدَنی چینل کی بہاریں (حصہ اول)

# کرسچین کا قبولِ اسلام

شائع ہو چکا ہے

مَدَنی چینل کی بہاریں (حصہ دوم)

# ماڈرن نوجوان کی توبہ

عنقریب پیش کیا جائے گا۔


## مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

کراچی:۔ شہید مسجد کھارادر۔ فون: 2314045 - 2203311
لاہور:۔ دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ۔ فون: 7311679
سردارآباد (فیصل آباد):۔ امین پور بازار۔ فون: 2632625
کشمیر:۔ چوک شہیداں میرپور۔ 058-61037212
حیدرآباد:۔ فیضانِ مدینہ آفندی ٹاؤن۔ فون: 3642211
ملتان:۔ نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ۔ فون: 4511192
راولپنڈی:۔ اصغر مال روڈ نزد عید گاہ۔ فون: 4411665
پشاور:۔ فیضانِ مدینہ گلبرگ نمبر 1 النور اسٹریٹ صدر پشاور۔

مکتبۃ المدینہ فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)
فون: 4921389-93/4126999 فیکس: 4125858
Email:maktaba@dawateislami.net \ www.dawateislami.net